# دعا وذکر کے فائدے

یوں تو دعا کے بے شمار فائدے ہیں، ان میں سے دو یہاں نقل کیے جارہے ہیں:

1. مصروف زندگی میں نماز کے علاوہ مختلف اوقات میں عبادت کرنے کا ذریعہ۔

2. اللہ تعالیٰ کی یاد کی مشق، یعنی زندگی کے زیادہ سے زیادہ حصہ کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے آباد کرنے کا موقع۔






# تسبیح کہنے کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ایک دن میں سو مرتبہ سُبحَانَ اللہِ وَبِحَمدِہِ کہے: اس کے گناہ سمندر کے جھاگ کے برابر بھی ہوں تو معاف ہو جاتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| سُبۡحَانَ اللّٰهِ | پاک ہے اللہ |
| وَبِحَمۡدِهٖ | اور اپنی تعریف کے ساتھ۔ |

(بخاري:6405)

اللہ پاک ہے ساری کمزوریوں، عیوب اور غلطیوں سے،

اسی کی تعریف ہے یعنی ساری خوبیاں اس میں ہیں۔

حمد کا دوسرا معنی شکر ہے یعنی سارا شکر اسی کے لیے ہے

# تسبیح کہنے پر اجر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ایک مرتبہ سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ کہتا ہے، اس کے لیے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| سُبۡحَانَ اللّٰہِ | پاک ہے اللہ |
| الۡعَظِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ | (جو) عظمتوں والا ہے، اور اپنی تعریف کے ساتھ۔ |

(ترمذي: 3464)

سُبۡحٰنَ یعنی میرا رب ظالم نہیں، ناانصافی کرنے والا نہیں، بے مقصد چیزوں کو پیدا کرنے والا نہیں۔ اس کے حکم میں کوئی خرابی نہیں۔ میری زندگی میں جو امتحان والے حالات ہیں، ان پر مجھ کو کوئی شکایت نہیں۔

سیرت

دعا

# اعادہ (سیرت)

- اللہ نے محمد ﷺ کو 40 سال کی عمر میں نبی اور رسول بنایا۔
- مکہ میں آپ ﷺ نے 13 سال تک دعوت دی، اسی کو مکی دور کہتے ہیں۔
- مدینہ میں آپ ﷺ نے 10 سال تک دعوت دی، اسی کو مدنی دور کہتے ہیں۔

# اعادہ (دعا)

- دعا کے ذریعے زندگی کو اللہ کی یاد سے زیادہ آباد رکھنے کا موقع ملتا ہے۔
- سبحان اللہ وبحمدہ 100 مرتبہ پڑھیے اور گناہوں سے معافی اور اجر پائیے!

# دعا وذکر کے فائدے

3. ہر وقت اور ہر حال میں اپنے دل کا حال اللہ کے سامنے رکھنے کا ذریعہ۔
4. اللہ تعالیٰ کی طرف سے دعا کے جواب کی صورت میں انعام۔
5. ایمان ویقین کی تازگی۔
6. شیاطین اور جنات سے حفاظت۔
7. گناہوں کی معافی۔





# بہت قیمتی دو کلمے

رسول ﷺ نے فرمایا: دو کلمے زبان پر ہلکے پھلکے ہیں، میزان میں انتہائی وزنی اور اللہ کو بہت پسند ہیں:

| | |
|---|---|
| سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ | پاک ہے اللہ، اور اپنی تعریف کے ساتھ |
| سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ | پاک ہے اللہ، (جو) عظمتوں والا ہے۔ |

(بخاري: 6682)

ان کلمات کو کسی بھی وقت دہرانا بہت آسان ہے۔

# میزان میں انتہائی وزنی دو کلمے

رسول ﷺ نے فرمایا: دو کلمے زبان پر ہلکے پھلکے ہیں، میزان میں انتہائی وزنی اور اللہ کو بہت پسند ہیں:

| | |
|---|---|
| سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ | پاک ہے اللہ، اور اپنی تعریف کے ساتھ |
| سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ | پاک ہے اللہ، (جو) عظمتوں والا ہے۔ |

(بخاري: 6682)

اللہ کیا ہی خوب دینے والا ہے کہ وہ تھوڑے سے کام پر بڑے اجر سے نوازتا ہے۔

# اعادہ (سیرت)

سیرت کیوں پڑھیں؟

1- آخرت کی کامیابی کے لیے

2- دنیا کی کامیابی کے لیے

3- رسول ﷺ سے محبت پیدا کرنے کے لیے

# اعادہ (دعا)

- دعا کے ذریعے ہم ہر وقت اور ہر حال میں اپنے دل کا حال اللہ کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔
- سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم زبان پر ہلکے پھلکے ہیں، میزان میں انتہائی وزنی اور اللہ کو بہت پسند ہیں۔

# دعا وذکر کے فائدے

شیطان چاہتا ہے کہ ہم ذہنی تناؤ (Stress)، مایوسی اور غم میں ہمیشہ مبتلا رہیں۔ ان سے چھٹکارا حاصل کرنا ہو تو

دعا اور ذکر کیجیے۔

# آپ ﷺ کے پسندیدہ کلمات (1)

رسول ﷺ نے فرمایا: میں یہ (کلمات) کہوں، تو مجھے یہ عمل ان تمام چیزوں سے زیادہ پیارے ہیں جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| سُبۡحَانَ اللّٰهِ | پاک ہے اللہ، |
| وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ | اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، |
| وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ | اور نہیں کوئی (حقیقی) معبود سوائے اللہ کے |
| وَاللّٰهُ أَكۡبَرُ | اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ |

(بخاري: 2695)

اَللّٰهُ أَكۡبَرُ: اللہ تعالیٰ قوت، عزت، شان و شوکت اور ہر اچھی صفت میں سب سے بڑا ہے۔

# آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پسندیدہ کلمات (2)

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں یہ (کلمات) کہوں، تو مجھے یہ عمل ان تمام چیزوں سے زیادہ پیارے ہیں جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| سُبْحَانَ اللهِ | پاک ہے اللہ، |
| وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ | اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، |
| وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ | اور نہیں کوئی (حقیقی) معبود سوائے اللہ کے |
| وَاللهُ أَكْبَرُ | اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ |

(بخاري: 2695)

اَللهُ أَكْبَر: فجر کی اذان سن کر اگر میں سوتا رہوں تو میں نے کس کو بڑا مانا؟ کس کی بات سنی؟ اللہ کی یا نفس کی؟

# اعادہ (سیرت)

سیرت کیوں پڑھیں؟

4- دل میں رسول ﷺ کی عظمت پیدا کرنے کے لیے

5- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی کو جاننے کے لیے

6- قرآن کو سمجھنے کے لیے

# اعادہ (دعا)

- دعا وذکر سے ہم ذہنی تناؤ (Stress)، مایوسی اور غم سے چھٹکارا پا سکتے ہیں۔
- اَللّٰہُ أَکْبَرُ: اللہ تعالیٰ قوت، عزت، شان و شوکت اور ہر اچھی صفت میں سب سے بڑا ہے۔
- اَللّٰہُ أَکْبَر: فجر کی اذان سن کر اگر میں سوتا رہوں تو میں نے کس کو بڑا مانا؟ کس کی بات سنی؟ اللہ کی یا نفس کی؟

# دعا وذکر کے فائدے

دعا اور ذکر کے ذریعے امید، سکون اور اطمینان حاصل ہوتا ہے اور موڈ میں ہمیشہ ٹھہراؤ (self control) رہتا ہے۔

دعا

حمد ...
پوسٹ:07

# دنیا و آخرت کو جمع کرنے والی دعا

جب کوئی مسلمان ہوتا تو رسول اللہ ﷺ اسے نماز سکھاتے پھر اسے حکم دیتے کہ اِن کلمات سے دعا کرے:

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ | اے اللہ! معاف کر دے مجھے |
| وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ | اور رحم فرما مجھ پر اور ہدایت دے مجھے |
| وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ | اور عافیت دے مجھے اور رزق عطا کر مجھے |

(مسلم: 6850)

دنیا میں اگر کسی کو بیماری اور مصیبت سے عافیت اور رزق مل گیا اور آخرت میں گناہ معاف ہو گئے تو گویا دنیا و آخرت کی ساری نعمتیں مل گئیں۔





# جنت کا خزانہ (1)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تمہیں جنّت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کے متعلق نہ بتاؤں؟ انہوں نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول! کیوں نہیں؟ (ضرور بتایئے) آپ ﷺ نے فرمایا: تم کہو:

| | |
|---|---|
| لَا حَوْلَ | نہیں کوئی طاقت (گناہ سے بچنے کی) |
| وَلَا قُوَّةَ | اور نہیں کوئی قوت (نیکی کرنے کی) |
| إِلَّا بِاللهِ | سوائے اللہ کے |

(بخاري: 6409)

اگر ہم نیکی کریں یا گناہ سے بچ جائیں تو فخر نہ کریں ورنہ نیکی برباد ہو سکتی ہے اور گناہ ہو سکتا ہے۔ یاد رکھیے کہ اچھے کام خود سے نہیں بلکہ اللہ کی توفیق واحسان سے ہوتے ہیں۔

سیرت

دعا

# اعادہ (سیرت)

سیرت کیوں پڑھیں؟

7- قرآن پر عمل کرنے کے لیے

8- اپنے ایمان کو اور اللہ کے ساتھ اچھی امیدوں کو بڑھانے کے لیے

9- دل کی خوشی اور سکون کے لیے

# اعادہ (دعا)

- دعا اور ذکر کے ذریعے امید، سکون اور اطمینان حاصل ہوتا ہے اور موڈ میں ہمیشہ ٹھہراؤ (self control) رہتا ہے۔
- دنیا وآخرت کی نعمتیں حاصل کرنے کے لیے "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ" پڑھیے۔
- نیکی کرنا اور گناہ سے بچنا اللہ کی توفیق واحسان ہی سے ممکن ہے۔ (لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ)